فورٹ بینڈ کاؤنٹی کا سابق فوجیوں کا عدالتی پروگرام
The Fort Bend County Veterans' Court Program

ہماری افواج میں شامل مرد و خواتین ہماری آزادی کی ایک ایسی قیمت چکاتے ہیں جو ان کی خدمات کے اختتام کے بعد تادیر جاری رہتی ہے۔ فورٹ بینڈ کاؤنٹی کا سابق فوجیوں کا عدالتی پروگرام ہمارے ان فوجی مرد و خواتین کو مجرمانہ الزامات کا سامنا کرنے کے بعد اپنی زندگیاں واپس معمول کی ڈگر پر لانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

عمومی جائزہ:

فورٹ بینڈ کاؤنٹی کا سابق فوجیوں کا عدالتی پروگرام ایک یا زائد مجرمانہ افعال میں موجودہ طور پر کارروائی کا سامنا کرنے والے سابق فوجیوں کو قانوناً نگرانی شدہ علاج کے اختیارات فراہم کرتا ہے۔ پروگرام سابقہ فوجیوں کو روایتی مجرمانہ انصاف کے عمل سے ہٹانے اور انہیں قدرے بہتر بحالی نو کے اختیارات میں شامل کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ پروگرام میں داخل ہونے کے لئے ، یہ لازم ہے کہ سابقہ فوجی کی اسکریننگ ہو چکی ہو، اس کی جانچ کی جا چکی ہو، اور اسے منظوری دی جا چکی ہو۔ ایک بار عمل مکمل ہو جانے پر، سابقہ فوجی اپنی ضروریات کے مطابق مرتب کردہ علاج کا پروگرام شروع کر دے گا۔

مشن:

مشن یہ ہے کہ سابقہ فوجیوں کو روایتی مجرمانہ انصاف کے نظام سے ہٹا کر انہیں کامیاب انسان بنایا جائے اور انہیں ایسے وسائل فراہم کیے جائیں جوکہ نفسیاتی صحت میں بحالی اور کمیونٹی میں کامیابی کے ساتھ دوبارہ داخلے کے ساتھ ساتھ ایک کارآمد اور پابند قانون زندگی گزارنے میں ان کے لیے ضروری ہوں۔

اہداف:

پروگرام کے اہداف میں اہل ہونے والے سابقہ فوجیوں کی نشاندہی، ان کی ضروریات کی جانچ، ان کو معاونت کی پیشکش کرنا، ان کی نگہداشت کا بندوبست کرنا، اور انہیں علاج کے لیے اس قسم کے کامیاب اختیارات فراہم کرنا ہے جن کا نتیجہ کمیونٹی میں بازاستحکام اور ان کے مجرمانہ مقدمے(مقدمات) کے حل کی صورت میں نکلے۔

اہلیت کا معیار:

- ریاستہائے متحدہ کی مسلح افواج کے سابقہ فوجی یا موجودہ رکن، بشمول ریزروز(Reserves)، نیشنل گارڈ(National Guard)، یا اسٹیٹ گارڈ(State Guard) کا کوئی رکن۔
- جنگ یا پر خطر محاز پر خدمات انجام دے چکا ہو۔
- واجب التعظیم یا بطور اعلیٰ افسر سبکدوش ہونے والے، محاز پر متحرک یا ریزروز میں شامل۔
- زیر التوا اہل جرم کا حامل ہو۔
- ریاستہائے متحدہ کا قانونی رہائشی/شہری ہو
- فورٹ بینڈ کاؤنٹی یا گرد و پیش کی کاؤنٹیز کا رہائشی ہو۔
- مجرمانہ فعل سے منسلک کسی ذہنی صحت کی معذوری، TBI کا حامل ہو، اور/یا اشیاء کے ناجائز استعمال میں ملوث رہ چکا ہو۔
- VA خدمات کے لئے اہل ہو۔
- ڈسٹرکٹ اٹارنی (DA) کی منظوری: تمام مقدمات کا حتمی منظوری کے لئے فورٹ بینڈ کاؤنٹی کے ضلعی وکیل کے دفتر کی جانب سے جائزہ لیا جاتا ہے۔

استثنائات:

- زیر التواء مقدمے میں جنسی جرم، منشیات کی ترسیل یا سنگین حملے کے علاوہ تمام G3 جرائم شامل ہیں۔
- سنگین حملے کے علاوہ جنسی حملے یا G3 جرائم کے ضمن میں گزشتہ سزایابی یا مؤخر فیصلہ۔
- فرد شدید اور مستقل طور پر ذہنی بیمار ہے اور شرکت نہیں کر سکتا۔

14 اکتوبر، 2014

- سابقہ فوجیوں کی عدالت سے پہلے ہی برطرف کیا جا چکا ہو یا گریجوئیٹ کر چکا ہو۔
- ذلت آمیز طور پر ریاستہائے متحدہ کی مسلح افواج سے نکالا گیا ہو۔

حوالہ جات:

قانون کے نفاذ، جیل کے عملے، ججوں، مدعا علیہ کے وکلاء، استغاثہ، ذہنی صحت کے پیشہ وران، اور اہل خانہ یا دوستوں سمیت، متعدد ذرائع سے قبول کیے جاتے ہیں۔

عدالت میں داخل ہونے والے افراد کو مقدمے کی سماعت سے قبل مداخلت، موخر فیصلہ یا کمیونٹی کی جانب سے نگرانی موصول ہوگی۔ سابق فوجیوں کی عدالت ایک تین مرحلوں پر مشتمل پروگرام ہے۔ ہر مرحلہ میں متعدد سرگرمیوں کی کامیاب تکمیل درکار ہوتی ہے۔ پروگرام کی طوالت 24 ماہ پر مبنی ہو گی۔ فورت بینڈ کاؤنٹی کا سابق فوجیوں کا عدالتی پروگرام ایک عدالتی خلاصہ پر مشتمل ہو گا جو مہینے میں ایک بار ملے گا۔ معزز جج مک مینز(McMeans) سابق فوجیوں کی عدالت کی صدارت کریں گے۔

سابق فوجیوں کی عدالتی ٹیم جج، استغاثہ، مدعا علیہ کے وکلاء، کمیونٹی کے نگران افسر، مقدمے کے منیجرز، اور سابق فوجیوں کے انتظامی طبی مرکز کے نمائندگان پر مشتمل ہے۔ سابق فوجیوں کی عدالتی ٹیم کی منفرد خاصیت MEDVAMC جیل کی انحرافی ٹیم ہے جس میں ویٹرنز جسٹس آؤٹ ریچ(VJO) (Veterans Justice Outreach) کا رابطہ کار/عدالتی رابطہ اور فرانزک طبیب نفسی شامل ہیں۔

جیل کی انحرافی ٹیم تفصیلی جائزے، نفسیاتی، نفسی سماجی، اور نشہ آور اشیاء کے ناجائز استعمال کے ضمن میں سروس کی ضروریات فراہم کرے گی، اور سابق فوجیوں کو مناسب علاج اور بحالی نو کی خدمات کے ساتھ منسلک کرے گی۔ VJO رابطہ کار علاج کی تکمیل کے بارے میں افہام و تفہیم اور نگرانی کرے گا، طبیب نفسی نفسیاتی علاج کی ضروریات کے بارے میں بات کرے گا اور معالجے کی یہ ٹیم مل کر سابق فوجیوں کی عدالتی ٹیم کے لیے پیش رفت کی رپورٹیں بھی پیش کرے گی۔

فورٹ بینڈ کاؤنٹی کے سابقہ فوجیوں کی عدالتی ٹیم درج ذیل پر مشتمل ہے: جج: عزمآب جیفری اے مکمینز(Jeffrey A. McMeans)

معاون ضلعی وکیل: تھامس فائفر(Thomas Pfeiffer)، 281-341-4497

سابق فوجیوں کی انتظامیہ کے انصاف کے حصول کے لئے آؤٹ ریچ سپیشلسٹ: ویڈ کوپر(Wade Cooper)، 713-791-1414 (25874); 832-390-9026

مدعا علیہ کے وکلاء: جیف کارٹر(Jeff Carter) اور لی کاکس(Lee Cox)

کمیونٹی کا اصلاحی افسر: کیری نائکوئسٹ(Kerry Nyquist)، 281-403-8061

پروگرام کی لاگت:

$1000 تک پروگرام کی فیس کا تابع ہے۔ سابق فوجی عدالتی سروسز کی لاگتوں کا ذمہ دار ہو سکتا ہے جس میں منشیات کے جائزے کے لیے یورینالیسس، جائزے، اندرونی/بیرونی مریضوں کا علاج، مشاورت، وغیرہ بلا تحدید شامل ہیں۔

پروٹوکول:

فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی عدالت تین (3) مرحلوں پر مشتمل ہے جن کا دورانیہ کل چوبیس (24) مہینے بنتا ہے۔ مرحلے کے تقاضوں کے علاوہ، صدر جج خصوصی انفرادی اہداف مرتب کرنے کا حق رکھتا ہے جو اگلی عدالتی پیشی سے قبل پورے ہونے چاہیئیں۔
سابق فوجیوں کی عدالت کا کمیونٹی کا نگران افسر تمام عدالتی پیشیوں سے قبل تمام اہداف کا جائزہ لے گا اور تکمیل اور کامیابی کی بنیاد پر تجاویز مرتب کرے گا۔ سابق فوجیوں کی ایک مرحلے سے دوسرے مرحلے کی جانب پیش رفت ہر مرحلے کے تقاضوں، اور ٹیم کی تجاویز کے وقت، کامیاب تکمیل پر منحصر ہے۔

مرحلہ جات:

مرحلہ ایک – 6 ماہ تک

ہر ماہ کمیونٹی کے نگران افسر سے براہ راست 3 ملاقاتیں کریں، جن میں سے 3 ملاقاتوں میں سے 1 سابقہ فوجی کے گھر کے باغ یا کسی اور مقام پر ہوگی۔
جج کے روبرو مہینے میں ایک مرتبہ جائزہ۔ علاج کے منصوبہ کے مطابق مشیر کو رپورٹ کرنا

مرحلہ دو – 6 ماہ تک
ہر ماہ کمیونٹی کے نگران افسر سے براہ راست 2 ملاقاتیں کریں، جن میں سے 2 ملاقاتوں میں سے 1 سابقہ فوجی کے گھر کے باغ یا کسی اور مقام پر ہوگی۔
جج کے روبرو مہینے میں ایک مرتبہ جائزہ۔ علاج کے منصوبہ
کے مطابق مشیر کو رپورٹ کرنا

مرحلہ تین – 12 مہینوں تک
مہینے میں ایک مرتبہ کمیونٹی کے نگران افسر سے ملاقات کرنا۔ جج کے روبرو مہینے میں ایک مرتبہ جائزہ۔
علاج کے منصوبے کے مطابق مشیر کو رپورٹ کرنا۔

پابندیاں اور مراعات:
علاج کی تجاویز، سابق فوجیوں کے عدالتی پروگرام کے ضوابط کی تعمیل میں ناکامی یا نئے جرم کے ارتکاب کا نتیجہ پابندیوں کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ پروگرام کی خلاف ورزیاں اور پابندیوں میں بلاتحدید، شامل ہیں:

خلاف ورزیاں
- علاج کی مقررہ ملاقاتیں چھوڑ دینا
- آزمائشی مدت کی مقررہ ملاقاتیں چھوڑ دینا
- عدالتی پیشیاں چھوڑ دینا
- منشیات اور/یا شراب کا غلط استعمال
- پیشاب کے معائنے فراہم کرنے سے انکار کرنا
- پیشاب کے مثبت معائنے
- تجویز کردہ ادویات لینے سے قاصر ہونا یا انکار کر دینا
- علاج کے پروگرام کے اصولوں کی خلاف ورزی
- رہائش کے فراہم کنندہ کے اصولوں، بشمول کرفیو کی خلاف ورزی
- دھمکی آمیز رویہ، بشمول تشدد کی زبانی دھمکی
- علاج کی تجاویز کے ضمن میں دیگر عدم تعمیل
- آزمائشی مدت کی شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی

پابندیاں
- ایک مضمون لکھنے کے لیے تفویض کرنا
- زبانی انتباہ
- پیشاب کے معائنے کی فریکونسی بڑھانا
- عدالتی پیشیوں کے تسلسل میں اضافہ
- آزمائشی مدت اور/یا قبل از تفتیش رپورٹنگ کے تسلسل میں اضافہ
- 12 مرحلوں پر مشتمل یا معاونتی گروہوں کی ملاقاتوں میں اضافہ
- علاج پر مراعات کا خاتمہ
- رہائش پر مراعات کا خاتمہ
- جیل کاٹنا
- کرفیو نافذ کرنا
- کمیونٹی کی سروس
- مزید کڑا قبل از تفتیش سروسز پروگرام

- موجودہ مرحلہ دوبارہ شروع کرنا

<u>مراعات</u>
علاج کے قائم کردہ منصوبے، سابقہ فوجیوں کے عدالتی پروگرام کے اصولوں، فورٹ بینڈ CSCD کے اصولوں، قابل اطلاق ہونے پر، جج کے احکامات، اور پروگرام میں شرکت سے متعلقہ دیگر تمام ضوابط یا تقاضوں کی تعمیل کی صورت میں صدر جج کی جانب سے مراعات فراہم کی جا سکتی ہیں۔ مراعات میں بلا تحدید، درج ذیل شامل ہیں:

- جج کی جانب سے تعریف، حوصلہ افزائی یا قدر شناسی۔
- گفٹ کارڈز یا گفٹ سرٹیفکیٹس۔
- کمیونٹی کے نگران افسر کے ساتھ ملاقاتوں میں کمی۔
- سابق فوجیوں کے عدالتی سیشنز میں پیشیوں میں کمی۔
- اپنی مدد آپ کے تحت ہونے والی ملاقاتوں، جیسا کہ AA یا NA میں شرکتوں میں کمی۔
- علاج کے کمی شدہ تقاضے۔
- کمیونٹی کی سروس کے اضافی گھنٹوں کی چھوٹ۔
- عدم ادائیگی شدہ جرمانوں میں کمی یا ان کی معطلی۔
- مرحلہ وار پیش قدمی۔
- سابق فوجیوں کی عدالت کی اختتامی تقریب میں بطور جھنڈا بردار شرکت کرنا۔
- آزمائش اور/یا علاج سے رخصت لینا۔
- اجتناب یا نشہ آور اشیاء سے پاک ٹوکنز اور بڑے تمغے۔
- گریجویشن کوائن۔
- گریجویشن پر ملنے والا علامتی فیتہ۔
- سابق فوجیوں کے عدالتی پروگرام سے گریجویشن۔

سابق فوجیوں کی عدالت کے لیے ایک علاج کا منصوبہ درکار ہے، جوکہ ان میں سے کچھ یا تمام اجزاء پر مشتمل ہوگا (علاج کی تجاویز علاج کی انفرادی ضروریات بدلنے کے ساتھ تبدیل ہو سکتی ہیں)۔

- غیر قانونی منشیات اور شراب سے اجتناب
- ادویات کی پابندی
- نشہ آور اشیاء کے غلط استعمال کے ضمن میں علاج کے پروگرام میں شرکت
- رویہ جاتی صحت کے ضمن میں علاج کے پروگرام میں شرکت
- اپنی مدد آپ کے گروہ یا پروگرام میں شرکت
- مقدمے کی شدید یا معاونت شدہ انتظامی خدمات
- معاونت یا ساخت شدہ رہائش
- تعلیمی خدمات
- ملازمتی یا پیشہ وارانہ بحالی نو
- VA مقدماتی مینیجر کے ساتھ باقاعدہ مقررہ ملاقاتیں
- طبیب نفسی کے ساتھ باقاعدہ مقررہ ملاقاتیں
- نفسی سماجی یا تفریحی پروگرام